| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | دہرائی (حروف ف تا ے) | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ' ف تا ل ' کی پہچان صوتی آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتاسکیں۔ | بچوں کو حروف تہجی 'ف تا ے' کے فلیش کارڈ دکھا کر حروف کی پہچان اور صوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ف تا ے' حروف کی مختلف تصاویر دکھا کر ان کے نام اور آوازیں پوچھی جائیں گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>ف تا ے کے فلیش کارڈ کمرہ جماعت میں پھیلائے جائیں گے۔ بچوں کو تین کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو دو ٹوکریاں دی جائیں گی۔ گروپ ا کو ف تا گ کے فلیش کارڈ ڈھونڈ کر ٹوکری میں رکھنے ہوں گے۔ گروپ 2 کو ل، م، ن، و کے فلیش کارڈ ڈھونڈنے ہوں گے گروپ 3 کو ہ، ی، ے کے فلیش کارڈ ڈھونڈنے ہوں گے معلّمہ اس بات کا دھیان رکھیں گی کہ تمام طالب علم اس سرگرمی میں حصہ لیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 90 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں کو دیئے گئے حروف پڑھنے اور ان پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا بچوں کو درست تصاویر کے ساتھ ملانے میں مدد کی جائے گی بچوں کو تصاویر میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ف تا ے کی صوتی آواز پوچھی جائیں گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 89 کیجیے۔ | | | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'س تا غ' حروف کی پہچان صوتی آواز اس سے شروع ہونے والی اشیاء کی نشاندہی کرنے پر |